رائے شماری

کنزیومر کانفیڈینس انڈیکس

**"معیشت"**

# 21% پاکستانیوں کے مطابق مستقبل میں اُن کے گھرانے کے مالی حالات مزید بدتر ہونگے۔

**(ڈن&براڈسٹریٹ اور گیلپ پاکستان کنزیومر کانفیڈینس انڈیکس)،**


اسلام آباد، 24 اگست، 2021

ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ اور گیلپ پاکستان کنزیومر کنفیڈنس انڈکس کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 21% پاکستانیوں کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھرانے کے مالی حالات مزید بدتر ہونگے۔

کنزیومر کنفیڈنس انڈکس (سی سی آئی) موجودہ جذبات اور مستقبل کے نظریات کی عکاسی کرتا ہے جسے پاکستانی موجودہ صارفین کی نظروں سے دیکھا گیا ہے۔ سی سی آئی کا اسکور معیشت کے حوالے سے صارفین کی اُمید/مایوسی کے ساتھ ساتھ اُن کی مالی صورتحال کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ کنزیومر کنفیڈنس انڈکس معاشی صحت اور سماجی بہبود کا ایک اہم انڈیکیٹر ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، "**آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھر والوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے؟**"۔ اس سوال کے جواب میں 8% جوابدہندگان کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھر والوں کے مالی حالات بہت بہتر ہونگے، 34% جوابدہندگان کے مطابق بہتر ہونگے، 20% جوابدہندگان کے مطابق ایسے ہی رہیں گے، 21% جوابدہندگان کے مطابق بدتر ہونگے، 12% جوابدہندگان کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھر والوں کے مالی حالات بہت بدتر ہونگے۔

"آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھروالوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے؟"




*Note: Don't Know/No Response not shown*
*Source: Dun & Bradstreet and Gallup Pakistan Consumer Confidence Index*

پاکستان سی سی آئی سروے ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان نے جاری کیا گیا اور یہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ اس سروے کی ویو 1 پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1590 مرد و خواتین سے مارچ 2021 میں منعقد ہوئی۔ اس سروے کی ویو 2 پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1997 مرد و خواتین سے جون 2021 میں منعقد ہوئی۔ ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ اور گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ مکمل رپورٹ کو: https://gallup.com.pk/wp/wp-content/uploads/2021/08/DB_GP_CCI_Report_Q22021.pdf پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, August 24th, 2021**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years

of Gallup Pakistan
(1980-2021)